© rasailojaraid.com



کتاب کی حیثیت سے پڑھی جائے گی۔(رفیع الدین ہاشمی)

**رویت ہلال - مسئلہ اور حل**، مرتب: خالد اعجاز مفتی۔ ناشر: دارالکتب، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۶۸۔ قیمت: درج نہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو، یعنی رمضان کا آغاز بھی چاند دیکھ کر اور چاند دیکھ کر ہی عید کرو۔ اُمت مسلمہ ۱۴۰۰ سال سے زیادہ عرصے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادگرامی پر عمل پیرا رہی ہے۔ رمضان اور عیدین کے نظام کو درست اور ٹھیک رکھنے کے لیے چاند کا دیکھنا ضروری قرار دیا جاتا رہا ہے۔ اس کے باوجود رویت ہلال کے کچھ پہلوؤں اور تفصیلات پر فقہاے اُمت کے درمیان اختلاف رائے پایا جاتا رہا ہے۔ اب دورجدید میں ذرائع ابلاغ کی بے پناہ سہولت اور آسانی نے رویت ہلال کے فقہی اور فنی پہلوؤں کو بہت نمایاں اور اُجاگر کر دیا ہے۔

اہلِ علم حضرات نے رویت ہلال کے اختلافی پہلوؤں کو کم کرنے اور زیادہ سے زیادہ اتفاق کی فضا پیدا کرنے اور علمی مباحث کو کسی مفید نتیجے تک پہنچانے کی انتہائی کوشش کی ہے۔

جناب خالد اعجاز مفتی صاحب کی تحقیق اور علمی سعی بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ اس مسئلے کے ہر پہلو پر مفتی صاحب نے بڑی عرق ریزی، جاں فشانی اور محنت سے تحقیق کا حق ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔

قابلِ غور بات یہ ہے کہ مسئلہ رویت ہلال کے حل کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ دورِ جدید کے علماے کرام کا جدید فلکیاتی علوم سے بہت حد تک ناواقف اور نابلد ہونا ہے۔ اختلاف مطالع اپنی جگہ ایک مسئلہ ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ اعلان رویت ہلال پر فتویٰ دینے کے مجاز وہی ہو سکتے ہیں جو دینی علوم پر دسترس رکھنے کے ساتھ ساتھ جدید فلکیاتی علوم سے بھی آگاہ ہوں۔

دینی علوم اور فلکیاتی علوم کے ماہرین کو مل کر اس کا قابلِ عمل حل نکالنے کی کوشش کرنی چاہیے۔(عبدالوکیل علوی)

© rasailojaraid.com